

# سمر EBT خوراک کی مراعات

## جانیے کہ کس طرح نیو یارک کا سمر EBT پروگرام اس موسم گرما میں بچوں کو کھانا کھلانے میں مدد کر سکتا ہے!

سمر الیکٹرانک بینیفٹ ٹرانسفر (Electronic Benefit Transfer, EBT) موسم گرما کے دوران خاندانوں کی اپنے اسکول جانے کی عمر کے بچوں کے لیے خوراک خریدنے میں مدد کرے گا۔ خاندانوں کو ہر اہل بچے کے لیے خوراک کی مراعات کی مد میں **120$** ملیں گے۔

اہل بچوں کو سمر EBT خوراک کی مراعات ایک EBT کارڈ پر ملیں گی۔ خاندان اپنی سمر EBT کی مراعات کو **منظور شدہ خوردہ فروش خوراک کی دکانوں، فارمرز مارکیٹس** اور کسی بھی ایسی جگہ سے خوراک، جیسے پھل، سبزیاں، گوشت، اناج اور دودھ کی مصنوعات خریدنے کے لیے استعمال کر سکیں گے جہاں SNAP قابل قبول ہو۔

زیادہ تر بچے خودکار طور پر سمر EBT کے لیے اہل ہوں گے اور انہیں اندراج کروانے کے لیے کچھ کرنے کی ضرورت نہیں ہو گی۔ تاہم، کچھ بچوں کو درخواست دینے کی ضرورت پڑ سکتی ہے۔ 2025 کی مراعات کے لیے 4 ستمبر، 2025 سے پہلے آن لائن درخواست دیں۔

### خودکار اندراج شدہ:

- بچہ 6 تا 16 برس کا ہے اور اس کو اہلیت کی مدت کے دوران کسی وقت SNAP، ٹمپریری اسسٹنس یا Medicaid وصول ہوئی۔

**یا**

- بچے کو ان کے اسکول نے تعلیمی سال 25-2024 کے دوران نیشنل اسکول لنچ پروگرام کے ذریعے مفت/کم قیمت کھانوں کے لیے براہ راست سرٹیفائی کیا ہے۔
- **خودکار اندراج شدہ بچوں کو درخواست دینے ضرورت نہیں ہے۔**

### درخواست دینا لازمی:

- بچے کا خودکار اندراج نہیں ہوا،

**اور**

- گھرانہ مفت/کم قیمت پر اسکول کے کھانوں کے لیے **آمدنی کی شرائط** پر پورا اترتا ہے،

**اور**

- بچہ ایسے اسکول جاتا ہے جو قومی اسکول لنچ پروگرام میں شرکت کر رہا ہے،
- آن لائن درخواست **SummerEBT.ny.gov** پر دستیاب ہے

غیر استعمال شدہ سمر EBT کی مراعات اپنے اجراء کی تاریخ کے 122 دن بعد ضائع ہو جائیں گی اور ان کو EBT کارڈ سے ہٹا دیا جائے گا۔ خاندانوں چاہیے کہ اپنی مراعات وصول ہونے کے بعد جلد استعمال کر لیں۔

اہلیت کا دورانیہ 1 جولائی، 2024 سے 4 ستمبر، 2025 ہے۔ سمر EBT کے متعلق مزید جاننے کے لیے، بشمول کہ مراعات کب اور کس طرح جاری کی جائیں گی اور ان کو استعمال کرنے کا طریقہ کیا ہے جاننے کے لیے، **otda.ny.gov/SummerEBT** ملاحظہ فرمائیں۔

مزید معلومات کے لیے، ملاحظہ کریں:
**otda.ny.gov/SummerEBT**

NEW YORK STATE | Office of Temporary and Disability Assistance
Summer EBT

(4/25) Pub-5295-UR